نیلام حقوق برائے کیٹرنگ خدمات کمیونٹی سینٹر (گول باغ) سرور روڈ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے۔کہ کنٹونمنٹ بورڈ لاہور کمیونٹی سینٹر واقع گول باغ سرور روڈ صدر بازار لاہور کینٹ کا ماہانہ کرایہ برائے کیٹرنگ خدمات مدت چھ سال (2025 تا 2028) ابتدائی تین سال و قابل تجدید برائے مزید تین سال کی نیلامی بتاریخ 14 اپریل 2025 کو 11:30 بجے دن بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سرور روڈ لاہور کینٹ میں منعقد ہوگی۔مقررہ تاریخ کو نیلامی کے عدم انعقاد یا ناکام ہونے کی صورت دوبارہ بتاریخ 15 اپریل 2025 اور سہ بارہ 16 اپریل 2025 کو منعقد ہوگی جس کیلئے کوئی علیحدہ اشتہار شائع نہیں کیا جائیگا۔

شرائط وضوابط:-

1. نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو مبلغ -/Rs.10,00,000 روپے بطور زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ قبل از بولی موقع پر جمع کرانا ہونگے۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر چھ (06) ماہ کا کرایہ بطور سکیورٹی اور تین (03) ماہ کا کرایہ پیشگی موقع پر جمع کرانا ہوگا۔واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ کرایہ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کر لیا جائے گا۔اور دوسرے نمبر بولی دہندہ کو پہلے نمبر بولی دہندہ کی کرایہ کی آفر کو سیکورٹی/پیشگی کرایہ جمع کروانے کا کہا جائے گا۔اگر وہ بھی جمع کرانے میں ناکام رہا تو اس کا بھی زرضمانت ضبط کر لیا جائے گا اور دیگر کم بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔
3. کمیونٹی سینٹر کے کرایہ داری کے حقوق کی مدت عرصہ تین سال جو کہ مذید تین سال قابل توسیع قبضہ ملنے کی تاریخ سے شروع ہوگی۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو رمضان المبارک اور محرم الحرام کے ماہانہ کرایہ میں 50% رعایت دی جائے گی۔
5. سالانہ 10% کے حساب سے کرایہ میں بڑھوتی ہوگی۔
6. کمیونٹی سینٹر میں 600 مہمانوں کیلئے وسیع ہال بمعہ (2-Booking Office,2-Bridal Room & Kitchen) اور کشادہ کار پارکنگ کی سہولت میسر ہے۔
7. کمیونٹی سنٹر مذکورہ کو کینٹ بورڈ کے اپنے میڈیکل کالج کی تقریبات از قسم (کانفرنس، کانوکیشن و دیگر) بطور آڈیٹوریم استعمال کیا جاسکے گا۔ جس کے لیے ٹھیکہ دار ایسی تقریبات کے انعقاد کو ترجیح دینے کا پابند ہوگا۔البتہ ایسی تقریبات کی ماہانہ تعداد ایک سے زائد نہ ہوگی۔تقریبات کی تعداد میں اضافہ کی صورت میں یوٹیلیٹی بلز اور معقول کرایہ ادا کیا جائے گا۔ جس کے لیے معاہدہ میں باقاعدہ مفصل شرط شامل کی جائیگی۔
8. ٹھیکہ کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر معاہدہ کرنا ہوگا۔
9. کمیونٹی سینٹر میں بجلی، پانی اور گیس کے کنکشن کی سہولت موجود ہے۔جس کے تمام بلز کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
10. عدم ادائیگی یا نادہندہ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔اور جمع شدہ سیکورٹی بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔
11. کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ اور کینٹ بورڈ کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث اشخاص/فرم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہونگے۔
12. کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی کا مناسب بندوبست کرنے کا پابند ہوگا۔
13. کامیاب بولی دہندہ کمیونٹی سینٹر کو کسی دوسرے شخص کو Sublet نہ کر سکے گا۔
14. بولی کی حتمی منظوری بورڈ/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز رہے۔ نیز نوٹس نیلام عام PPRA Website ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔
15. کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس دینے کا پابند ہوگا۔دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس کی ٹیکس برانچ سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ